بلوچستان: تاریخ، معاشرت، ڈاکٹر محمد اشرف شاہین۔ ناشر: یونی ورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹکنالوجی، لاہور۔ ضخامت: ۳۸۰ مجلد، قیمت: ۸۰۰ روپے۔

صوبہ بلوچستان رقبے کے اعتبار سے پاکستان کا سب سے بڑا اور آبادی کے لحاظ سے سب سے چھوٹا صوبہ ہے۔ دوسرے صوبوں کے مقابلے میں یہ عدم تناسب کوئی عجیب بات نہیں ہے، کیوں کہ بلوچستان کی طبعی اور موسمیاتی صورتِ حال ایسی نہیں کہ وہاں پر آبادی کا ارتکاز ہو سکے۔ لیکن اس کے بالمقابل بہرحال یہ چیز بہت عجیب ہے کہ پاکستان کے بیش تر لوگ اپنے اس صوبے کے حالات، تاریخ، معاشرت وغیرہ سے افسوس ناک حد تک بے خبر ہیں۔ اس بے خبری کا نقصان جہاں صوبہ بلوچستان میں بسنے والے ہم وطنوں کو پہنچ رہا ہے، وہیں خود پاکستان کے دیگر صوبہ جات کے شہری بھی مسائل و مشکلات سے گھرے اس صوبے کے حقائق کے بارے میں اندھیرے میں ہیں اور انھیں اس صوبے کے وجود کے بارے میں اس وقت خبر ہوتی ہے جب کبھی وہاں پر کوئی افسوس ناک حادثہ رُونما ہوتا ہے۔

زیرنظر کتاب اگرچہ موجودہ دور میں، بلوچستان کے سیاسی مسائل اور مناقشات پر کوئی مفصل احوال پیش نہیں کرتی، لیکن بلوچستان کی قدیم اور حالیہ سماجی تاریخ، اور وہاں کے قبائل و مذاہب، ثقافت اور روایات کے بارے میں بہت سی مفید معلومات مہیا کرتی ہے۔ بلاشبہہ بلوچستان پر بہت لکھا گیا ہے، مگر اس کا زیادہ حصّہ انگریزی میں ہے۔ اس کے برعکس اُردو میں عام فہم انداز اور رطب و یابس سے محفوظ یہ ایک مختصر اور جامع کتاب ہے۔

ڈاکٹر محمد اشرف شاہین قیصرانی اس خدمت پر شکریے کے مستحق ہیں۔ یو ایم ٹی پریس نے یہ کتاب شائع کر کے ایک خدمت انجام دی ہے۔ (سلیم منصور خالد)

تعارف کتب

◉ **باتیں سیاست دانوں کی**، ضیا شاہد۔ ناشر: قلم فاؤنڈیشن، یثرب کالونی، بنک اسٹاپ، والٹن روڈ، لاہور کینٹ۔ فون: ۰۳۰۰-۰۵۱۵۱۰۱۔ صفحات: ۴۲۰۔ قیمت: ۱۲۰۰ روپے۔ [اس کتاب میں پاکستان کے معروف صحافی ضیا شاہد نے ۲۲ مختلف سیاسی و علمی شخصیات کے بارے میں اپنے مشاہدات و تاثرات قلم بند کیے ہیں۔ مجموعی طور پر کتاب دل چسپ ہے۔ اگر یہ کتاب مہنگے چکنے کاغذ کے بجاے اچھے سفید کاغذ پر بھی شائع کی جاتی تو اس سے آدھی قیمت پر دستیاب ہوتی۔]